

Bodleian Libraries

UNIVERSITY OF OXFORD

This book is part of the collection held by the Bodleian Libraries and scanned by Google, Inc. for the Google Books Library Project.

For more information see:

http://www.bodleian.ox.ac.uk/dbooks



This work is licensed under a Creative Commons Attribution-NonCommercial-ShareAlike 2.0 UK: England & Wales (CC BY-NC-SA 2.0) licence.





16.B.~~12~~.17

16B17

حصہ اول تاریخ واقدی عربی کا ترجمہ ہے یہ مجموعہ
بہ ترجمہ اردو ہر چہار جلد کتاب واقدی رح کا ہے
یعنی فتوح المغازی فتوح الشام فتوح المصر
فتوح العجم یکجائی اور علیحدہ علیحدہ بھی طبع ہوا ہے
فتوح الشام و فتوح المصر اردو — جو بار دیگر
طبع ہوئی
کارنامۂ سکندری — جملہ احوال سکندر نامہ
مولفہ منشی کوکل پرشاد
فتوح العجم مسمی بغزوۂ عرب اخیر جلد تاریخ
واقدی کا عربی سے اردو مین ترجمہ حرف بحرف
ہو کر بوفور خواہش شائقان طبع ہوا —
مجموعۂ ترجمہ اردو فتوحات واقدی جسمین
مغازی الصادقہ یعنی ترجمہ مغازی الرسول
ترجمہ فتوح الشام — ترجمہ فتوح المصر —
ترجمہ فتوحات عجم — شامل ہین تاریخ اسلام
کے لیے مثل ارمغان ہے —
منتخب التواریخ اردو — عبد القادر بدایونی
کی تصنیف ہے مولوی احتشام الدین صاحب
آدابادی نے بایمای مالک مطبع ترجمہ کیا
تزک جرمنی — ملکۂ معظمہ دام اقبالہا کے شوہر
عالی قدر کا سوانح عمری —
رسالۂ چہل جواب — تاریخی منشی دیبی پرشاد صاحب
ساکن بھوپال نے ایک صاحب کے سوالات کا
جواب از روی تاریخ دیا ہے —
آثار الصنادید — یہ کتاب تاریخ کی نایاب ہے
عمارات وغیرہ دہلی کا حال ہے مصنفہ حضرت
جواد الدولہ سید احمد خان بہادر عارف جنگ —
باب پہلا — شہر کے باہر کی عمارتون کے حال مین
باب دوسرا — قلعہ معلی کے عمارتون کے حال مین
باب تیسرا — خاص شہر شاہجہان آباد کے حال مین
باب چوتھا — دہلی اور دہلی کے لوگون کے حال مین
نظم الممالک — ترجمہ اقوام المسالک فی معرفۃ
احوال الممالک تاریخ سلطنت یورپ —
جنتری کلان ۱۸۷۸ع باضافہ امور مفیدہ —
جنتری خرد ۱۸۷۸ عیسوی —
گلزار شاہی اردو — تاریخ کی کتاب سلاطین
کے حالات مین از مفتی غلام سرور صاحب
ترجمہ سبحۃ المرجان اردو — احوال شرف و
فضائل روی زمین ہند بقدوم آدم ابو البشر
علیہ السلام از روی احادیث و اقوال معتبرہ

کتب تاریخ بزبان فارسی

اکبر نامہ ہر سہ دفتر و مجلد ہر سہ جلد مصنف
اسکے شیخ ابو الفضل ہین —
آئین اکبری — ہر سہ دفتر ہر سہ جلد با تصویرات
و نقشجات سرخ و سبز و سیاہ بمقابلہ چند نسخون
کے صحیح ہو کر طبع ہوئی —
تاریخ فرشتہ دو جلد — مصنفہ ملا حیدر قاسم
ہندو شاہ استر آبادی حالات راجگان و
سلاطین ہند تا عہد اکبر شاہ اسمین مذکور ہے
طبقات اکبری — تصنیف خواجہ نظام الدین
احمد بن محمد مقیم ہروی یہ کتاب تاریخ شاہان
ہند کی زمانہ سبکتگین سے عصر جلال الدین
محمد اکبر شاہ تک نہایت مبسوط و مفصل ہے
عمادۃ السعادت — تصنیف سید غلام علیخان
صاحب بریلوی ہے اس کتاب مین خاندان
شاہان اودہ کا بیان ہے —
مفتاح التواریخ — تالیف ٹامس ولیم بیل صاحب
بہادران مصنف صاحب کو نہایت لائق
فارسی زبان کا پروفیسر کہنا چاہیے پس اس
کتاب مین اول حالات ہر ایک سنہ کے سن
ابتدائے آنحضرت سے تا زبان فتح پنجاب
درج ہین اور ہر ایک اشخاص کے صحیح روایات
کے ساتھ منظوم مادہ تاریخ لکھے ہین خصوصاً
آگرہ و دہلی وغیرہ کی عمارات کے کتبہ اور مقابر
کی تاریخین نہایت عمدہ اور چیدہ کتب مولفان
قدیم سے منتخب کی ہین یہ وہ کتاب ہے کہ
آجتک مثل اسکے دیکھی نہ گئی —
صحیفۂ والا قدری — خواجہ محمد بشیر صاحب
مودودی کی تصنیف ہے واقعات مصرح
غدر شہر لکھنؤ ۱۸۵۷ع کے ہین
عجائب القصص — قصص الانبیا مشہور
فارسی ذکر انبیاء عظام علیہم الصلوۃ والسلام
وقائع نعمت خان عالی — حالات عالمگیر سوانح
دکن —

INDIAN INSTITUTE

جدول کے اندر جزو کل کیفیت تاریخی بقید سنہ
مختصر مختصر روایت درج ہوئی ہین —
تاریخ نپولین بوناپارٹ — مشہور شہنشاہ
فرانس کی ہے اسکا ترجمہ مولوی مشتاق حسین
صاحب بہادر منصرم نے فرمایا —
سفرنامہ جناب فورسائیتھ صاحب بہادر
کمشنر جنہون نے ۱۸۷۰ع مین یارقند کا سفر
فرمایا متضمن حالات اوس دیار کے —
قصص الانبیاء اردو — مطبوعہ شعلہ طور
قصص الانبیاء اردو — مولفہ محمد طاہر
در حالات انبیا
عجائب القصص اردو — دو جلد انبیاء
و اولیاء کے حالات مبسوط ہین —
تاریخ بغاوت ہند مسمی بہ محاربہ عظیم — غدر
۱۸۵۷ع کی تاریخ بغاوت ہند اسمین اکثر
مقامات کے مفصل حال معرکہ کے درج ہین
چند انگریزی کتاب سے پنڈت کنھیالال
صاحب منصرم نے ترجمہ و تالیف کیا —
تاریخ حبیب اللہ — از منشی عنایت احمد
صاحب حالات پیغمبر اسلام —
گلدستہ فتوح — یہ تاریخ فتوح کی ہے تصنیف
منشی کشوری لال صاحب صدر امین ممالک
مغربی و شمالی —
تاریخ پنجاب مسمی بہ سیر پنجاب — مطبوعہ پٹیالہ
مصنفہ منشی رام صاحب یہ کتاب مفصل
تاریخ پنجاب ہے —
سیر سیاح — سفرنامہ منشی میان داد خان صاحب
سیاح مع غزلہاے مشاعرہ لکھنو و کانپور —
تاریخ ستارہ ہند — مشتمل حالات شاہان ہند
و مخصوص اودہ —
ریاض الامرا — ذکر حالات امراے ہند
جنکو گورنمنٹ سے سلامی کا حکم ہے —
ایضاً — کاغذ حنائی —
تاریخ گورکھپور نہایت عمدہ طبع ہوئی ہے —
خلاصہ تاریخ مسعودی سپہسالار حضرت مسعود
غازی کے احوال مین —
تاریخ تجارت روس — جسکو واسطے گورنمنٹ
پنجاب کے عہد سکرتری جناب آر ایچ ڈیوس
صاحب بہادر لفٹنٹ گورنر پنجاب وغیرہ نے
۱۸۶۳ع مین تالیف فرمائی مع نقشجات خوشخط
و کاغذ عمدہ —
کمیشن بڑودہ — جسکو بابو دامودر داس صاحب
سند یافتہ آگرہ کالج نے انگریزی سے اردو مین
ترجمہ فرمایا اسمین تحقیقات زہر دینے کرنیل فیر
صاحب بہادر رزیڈنٹ بڑودہ کو مہاراجہ
ملہار راو گائکوار رئیس بڑودہ کیطرف سے اور
روئداد اظہار گواہان کاغذ عمدہ ہے —
تاریخ راج پرستی اردو — کارنامہاے رانائے
اودیپور راجپوتانہ جو ملک میواڑ مین راج سمندر
تالاب کے اوپر طاقون مین کندہ ہے اوسکو
میجر ایس بروس صاحب بہادر اور کپتان
جی جی بلیر صاحب بہادر اسسٹنٹ گورنر جنرل
راجپوتانہ نے ایک عالم برہمن جادو راے نام
سے بمزید اشتیاق اوس کندے کو انگریزی
مین نقل کیا مورخ کامل منشی دیبی پرشاد صاحب
نے نہایت صحت کے ساتھ سنسکرت سے
اردو مین مین ترجمہ کیا اور جو نام وغیرہ ایسے
سنسکرت مین تھے کہ جسکا اردو مین پڑھنا
بھی آسان ہو اوسکو اردو اور دیوناگری
دونون مین لکھدیا مطبوعہ کانپور —
تاریخ گلشن پنجاب — مع نقشجات مولفہ پنڈت
دیبی پرشاد دیپٹی کلکٹر ممالک مغربی و شمالی —
انیس السیاحین حصہ اول — حالات ارض
بطور جغرافیہ اوٹ لین جاگرفی کا ترجمہ بہت عمدہ
ایضاً حصہ دوم —
ایضاً حصہ سوم —
تاریخ انگلستان — اسمین شاہان انگلستان کا
احوال ہے —
وقائع نگار انگلستان — کالیر صاحب کی تاریخ
انگلستان کا ترجمہ ہے جسمین جملہ احوال سلطنت
رومیون و انگلستان کاغذ سفید گندہ ہے —
ایضاً — کاغذ حنائی —
مراۃ السلاطین — ترجمہ ہر سہ جلد سیر المتاخرین
حالات شاہان دہلی ابتداے سلطنت راجاؤن
سے شاہ عالم تک —
تاریخ مخزن پنجاب — بہت مفصل تاریخ پنجاب
کی نو تالیف از مفتی غلام سرور صاحب —
ترجمہ مغازی الرسول — مسمی بمغازی الصادقہ

خاتمۃ الطبع

افضال بیمثال خدائے ذوالجلال سے رسالہ نادر و بیمثال جسمین ضوابط و قواعد اکثر تطبیق تاریخ سال شمسی و قمری کے از روے سنہ عیسوی و فصلی و ہجری و سمت بکرماجیت وغیرہ سنون تاریخ رومی متعارف و تاریخ یزدجردی و تاریخ الٰہی کہ اہل تاریخ کو واقعات کی یادداشت کیلیے انضباط سنہ و سال کا ضروری ہے اور اسمین اہل تواریخ کو بڑی بڑی دقتین واقع ہوتی ہین اور عجیب و غریب پیچیدہ تفاوت تطبیق تاریخ باہمی سنون مین پیدا ہوتے ہین اور توافق و تطابق سال شمسی اور قمری کا منجملہ نادرات و عجائبات ہے جنکو سلقہ مورخین مستجمع صفات کمالیہ منشی دیبی پرشاد صاحب قوم کایتہہ سکسینہ نے جنکا خطاب مورخ راجپوتانہ ہے پانچ برس کی مشقت و جانکاہی سے یہ رسالہ شگرف مفید طالبین موسوم بہ کارنامہ نوائین یعنے تقویم موید المورخین مرتب فرمایا یہ رسالہ نہ صرف مورخین کے کارآمد ہے بلکہ منجمین و مہندسین اور وکیلون اور جنکو معلومات تاریخ کی حاجت ہوتی ہے سودمند ہے اور استخراج تاریخ کے لیے عمدہ عمدہ ضوابط مرسوم ہین اور اس رسالہ کے اختتام پر ایک نقشہ ہندی و ہجری مہینہ کی تاریخون کے مطابقت کرنے کے قاعدہ کا لگا دیا ہے جیساکہ ملاحظہ فہرست اس رسالہ سے شگرف مطالب اس رسالہ نادر کے ناظرین پر ہویدا ہین جبکہ یہ رسالہ مفید عام بھیہ پہونچا طالبین کی خواہش دلی اور اصرار سے مطبع عالی سہل مروت و قوت جناب منشی نول کشور صاحب دام اقبالہ مین بصحت مصنف موصوف مقام لکھنو

ماہ فبروری ۱۸۷۳ع موافق ماہ صفر ۱۲۹۵ ہجری

حلیۂ طبع سے مزین ہوا خداے تعالی اس رسالہ کو مقبول عالم فرماوی بمنہ وکرمہ

مختلف سنون اور تاریخون کا ذکر ہوا ہے اسواسطے اوسکے ختم ہونیکا دن جو تاریخین مختلف سنون کی تھین وہ نقشہ ذیل مین لکھی جاتی ہین ۔

نقشۂ تاریخہای اختتام کتاب

نام روز	تاریخ	نام ماہ	سنہ	نام سنہ
سہ شنبہ	یکم	دسمبر	۱۸۷۴	عیسوی
,,	۲۱	شوال	۱۲۹۱	ہجری
,,	۸	اگہن	۱۲۸۲	فصلی
,,	۱۷	اگہن	۱۲۸۱	بنگلہ
رشن	۱۸	اذر	۱۲۲۴	فارسی یزدجردی
منگل وار	۸	قوس	۱۷۹۶	شاکی نوروزی
,,	۸	اگہن بدی	۱۹۳۱	سمت بکرمی
	۲۱	اب	۲۱۸۴	رومی اسکندری
اشتاد	۲۶	زبان	۳۱۸	سنہ الٰہی
رشن	۱۸	ابان	۷۹۶	جلالی ملکشاہی
سہ شنبہ	۲۱	شوال	۱۱۶۰	محمد شاہی



ہجری	ماہ ہندی	انگریزی	ہجری	ماہ ہندی	انگریزی
یکم محرم ۱۳۷۴ھ	بھادون سدی ۳ ۲۰۱۱ سمت	۲۷ اگست ۱۹۵۴ء	یکم محرم ۱۳۸۴ھ	جیٹھ سدی ۳ ۲۰۲۱ سمت	۲۱ مئی ۱۹۶۴ء
یکم محرم ۱۳۷۵ھ	بھادون سدی ۳ ۲۰۱۲ سمت	۱۶ اگست ۱۹۵۵ء	یکم محرم ۱۳۸۵ھ	بیساکھ سدی ۳ ۲۰۲۲ سمت	۱۱ مئی ۱۹۶۵ء
یکم محرم ۱۳۷۶ھ	ساون سدی ۳ ۲۰۱۳ سمت	۲ اگست ۱۹۵۶ء	یکم محرم ۱۳۸۵ھ	بیساکھ سدی ۳ ۲۰۲۲ سمت	۲۸ اپریل ۱۹۶۵ء
یکم محرم ۱۳۷۷ھ	ساون سدی ۳ ۲۰۱۴ سمت	۲ جولائی ۱۹۵۷ء	یکم محرم ۱۳۸۶ھ	بیساکھ سدی ۳ ۲۰۲۳ سمت	۱۹ اپریل ۱۹۶۶ء
یکم محرم ۱۳۷۸ھ	ساون سدی ۳ ۲۰۱۵ سمت	۱۵ جولائی ۱۹۵۸ء	یکم محرم ۱۳۸۷ھ	چیت سدی ۳ ۲۰۲۴ سمت	۸ اپریل ۱۹۶۷ء
یکم محرم ۱۳۷۹ھ	اساڑھ سدی ۳ ۲۰۱۶ سمت	۴ جولائی ۱۹۵۹ء	یکم محرم ۱۳۸۸ھ	چیت سدی ۳ ۲۰۲۵ سمت	۲۸ مارچ ۱۹۶۸ء
یکم محرم ۱۳۸۰ھ	اساڑھ سدی ۳ ۲۰۱۷ سمت	۲۳ جون ۱۹۶۰ء	یکم محرم ۱۳۸۹ھ	چیت سدی ۳ ۲۰۲۶ سمت	۱۷ مارچ ۱۹۶۹ء
یکم محرم ۱۳۸۱ھ	جیٹھ سدی ۳ ۲۰۱۸ سمت	۱۲ جون ۱۹۶۱ء	یکم محرم ۱۳۹۰ھ	پھاگن سدی ۳ ۲۰۲۶ سمت	۶ مارچ ۱۹۷۰ء
یکم محرم ۱۳۸۲ھ	جیٹھ سدی ۳ ۲۰۱۹ سمت	یکم جون ۱۹۶۲ء	۰	۰	۰

خاتمۂ کتاب

سپاس بیقیاس اوس خداوند کارساز بندہ نواز کی جناب مین کہ یہ عدیم المثال خبری صرف اوسکی عنایت اور افضال سے ایک ایسی دلپسند ترتیب اور محققانہ طرز کی ساتھ اختتام کو پہونچی جو ابتدا کی وقت خیال کے حوصلہ مین بھی نہین گذری تھی ؛ —

— مین اپنی کم علمی اور بے بضاعتی کے اقرار اور اعتراف کے لیے اس سے مضبوط اور کوئی دلیل نہین پاتا ہون کہ یہ چھوٹی سی کتاب پانچ برس کی عرصہ بغیر مجھسے تیار نہوسکی گو اس مدت مین مین نے اور بھی کتابین لکھین اور اپنے معمول کے موافق تعلیم اور تعلم اور کتابون کی سیر و انتخاب کو بھی جاری رکھا

— اسمین جو محنت ہوئی ہے اہل علم و انصاف خود اوسکی داد دے سکتے ہین میرے لکھنے اور تفصیل بیان کرنیکی ضرورت نہین ہے البتہ مین ناظرین کتاب کی خدمت مین سہو اور خطا ونکی معافی کیواسطے اپنی بے علمی اور نالیاقتی کے عذر کے سوا اور کچھ عرض نہین کیا چاہتا ہون — گر قبول افتد زہی عز و شرف ؛ چونکہ اس خبری مین

ہجری	ہندی	انگریزی	ہجری	ماہ ہندی	انگریزی
یکم محرم ۱۳۳۰	پوس سدی سمت ۱۹۶۸	۲۰- دسمبر ۱۹۱۱	یکم محرم ۱۳۵۲	بیساکھ سدی ۳ سمت ۱۹۹۳	۱۵- اپریل ۱۹۳۳
یکم محرم ۱۳۳۱	منگسر سدی ۳ سمت ۱۹۶۹	۹- دسمبر ۱۹۱۲	یکم محرم ۱۳۵۳	بیساکھ سدی ۳ سمت ۱۹۹۴	۱۴- اپریل ۱۹۳۴
یکم محرم ۱۳۳۲	منگسر سدی ۳ سمت ۱۹۷۰	۲۸- نومبر ۱۹۱۳	یکم محرم ۱۳۵۴	جیت سدی ۳ سمت ۱۹۹۲	۳- اپریل ۱۹۳۵
یکم محرم ۱۳۳۳	منگسر سدی ۳ سمت ۱۹۷۱	۱۷- نومبر ۱۹۱۴	یکم محرم ۱۳۵۵	جیت سدی ۳ سمت ۱۹۹۳	۲۲- مارچ ۱۹۳۶
یکم محرم ۱۳۳۴	کاتک سدی ۳ سمت ۱۹۷۲	۶- نومبر ۱۹۱۵	یکم محرم ۱۳۵۶	پھاگن سدی ۳ سمت ۱۹۹۳	۱۲- مارچ ۱۹۳۷
یکم محرم ۱۳۳۵	کاتک سدی ۳ سمت ۱۹۷۳	۲۶- اکتوبر ۱۹۱۶	یکم محرم ۱۳۵۷	پھاگن سدی ۳ سمت ۱۹۹۴	یکم مارچ ۱۹۳۸
یکم محرم ۱۳۳۶	اسوج دوم سدی ۳ سمت ۱۹۷۴	۱۶- اکتوبر ۱۹۱۷	یکم محرم ۱۳۵۸	پھاگن سدی ۳ سمت ۱۹۹۵	۱۸- فروری ۱۹۳۹
یکم محرم ۱۳۳۷	اسوج سدی ۳ سمت ۱۹۷۵	۱۵- اکتوبر ۱۹۱۸	یکم محرم ۱۳۵۹	ساکھ سدی ۳ سمت ۱۹۹۶	۷- فروری ۱۹۴۰
یکم محرم ۱۳۳۸	اسوج سدی ۳ سمت ۱۹۷۶	۲۴- ستمبر ۱۹۱۹	یکم محرم ۱۳۶۰	ساکھ سدی ۳ سمت ۱۹۹۷	۲۵- جنوری ۱۹۴۱
یکم محرم ۱۳۳۹	بھادوں سدی ۳ سمت ۱۹۷۷	۱۳- ستمبر ۱۹۲۰	یکم محرم ۱۳۶۱	ساکھ سدی ۳ سمت ۱۹۹۸	۱۷- جنوری ۱۹۴۲
یکم محرم ۱۳۴۰	بھادوں سدی ۳ سمت ۱۹۷۸	۲- ستمبر ۱۹۲۱	یکم محرم ۱۳۶۲	پوس سدی ۳ سمت ۱۹۹۹	۶- جنوری ۱۹۴۳
یکم محرم ۱۳۴۱	بھادوں سدی ۲ سمت ۱۹۷۹	۲۲- اگست ۱۹۲۲	یکم محرم ۱۳۶۳	پوس سدی ۳ سمت ۲۰۰۰	۲۶- دسمبر ۱۹۴۳
یکم محرم ۱۳۴۲	ساون سدی ۳ سمت ۱۹۸۰	۱۱- اگست ۱۹۲۳	یکم محرم ۱۳۶۴	پوس سدی ۳ سمت ۲۰۰۱	۱۵- دسمبر ۱۹۴۴
یکم محرم ۱۳۴۳	ساون سدی ۳ سمت ۱۹۸۱	۳۱- جولائی ۱۹۲۴	یکم محرم ۱۳۶۵	منگسر سدی ۳ سمت ۲۰۰۲	۴- دسمبر ۱۹۴۵
یکم محرم ۱۳۴۴	ساون سدی ۳ سمت ۱۹۸۲	۲۱- جولائی ۱۹۲۵	یکم محرم ۱۳۶۶	منگسر سدی ۳ سمت ۲۰۰۳	۲۳- نومبر ۱۹۴۶
یکم محرم ۱۳۴۵	اساڑھ سدی ۳ سمت ۱۹۸۳	۱۰- جولائی ۱۹۲۶	یکم محرم ۱۳۶۷	کاتک سدی ۳ سمت ۲۰۰۴	۱۲- نومبر ۱۹۴۷
یکم محرم ۱۳۴۶	اساڑھ سدی ۳ سمت ۱۹۸۴	۲۹- جون ۱۹۲۷	یکم محرم ۱۳۶۸	کاتک سدی ۳ سمت ۲۰۰۵	یکم نومبر ۱۹۴۸
یکم محرم ۱۳۴۷	اساڑھ سدی ۳ سمت ۱۹۸۵	۱۸- جون ۱۹۲۸	یکم محرم ۱۳۶۹	کاتک سدی ۳ سمت ۲۰۰۶	۲۲- اکتوبر ۱۹۴۹
یکم محرم ۱۳۴۸	جیٹھ سدی ۳ سمت ۱۹۸۶	۷- جون ۱۹۲۹	یکم محرم ۱۳۷۰	اسوج سدی ۳ سمت ۲۰۰۷	۱۱- اکتوبر ۱۹۵۰
یکم محرم ۱۳۴۹	جیٹھ سدی ۳ سمت ۱۹۸۷	۲۷- مئی ۱۹۳۰	یکم محرم ۱۳۷۱	اسوج سدی ۳ سمت ۲۰۰۸	۳۰- ستمبر ۱۹۵۱
یکم محرم ۱۳۵۰	جیٹھ سدی ۳ سمت ۱۹۸۸	۱۶- مئی ۱۹۳۱	یکم محرم ۱۳۷۲	اسوج سدی ۳ سمت ۲۰۰۹	۱۸- ستمبر ۱۹۵۲
یکم محرم ۱۳۵۱	بیساکھ سدی ۳ سمت ۱۹۸۹	۵- مئی ۱۹۳۲	یکم محرم ۱۳۷۳	بھادوں سدی ۳ سمت ۲۰۱۰	۷- ستمبر ۱۹۵۳

یہ نقشہ بموجب اوسط قواعد و نقشجات متذکرہ باب اول کے مرتب کیا گیا ہے اگر ایک دو تاریخ کی تقدیم تاخیر اوسکے وقوع مین ہو جاے تو بزرگان خطاپوش سے امید عفو و اغماض ہے

ہجری	ماہ ہندی	انگریزی	ہجری	ماہ ہندی	انگریزی
یکم محرم سنہ ۱۲۹۰	پھاگن سدی ۳ سمت ۱۹۲۹	یکم مارچ سنہ ۱۸۷۳	یکم محرم سنہ ۱۳۱۰	ساون سدی ۳ سمت ۱۹۴۹	۲۵ جولائی سنہ ۱۸۹۲
یکم محرم سنہ ۱۲۹۱	پھاگن سدی ۳ سمت ۱۹۳۰	۱۹ فروری سنہ ۱۸۷۴	یکم محرم سنہ ۱۳۱۱	اساڑہ سدی ۳ سمت ۱۹۵۰	۱۴ جولائی سنہ ۱۸۹۳
یکم محرم سنہ ۱۲۹۲	ماگھ سدی ۳ سمت ۱۹۳۱	۸ فروری سنہ ۱۸۷۵	یکم محرم سنہ ۱۳۱۲	اساڑہ سدی ۳ سمت ۱۹۵۱	۴ جولائی سنہ ۱۸۹۴
یکم محرم سنہ ۱۲۹۳	ماگھ سدی ۳ سمت ۱۹۳۲	۲۸ جنوری سنہ ۱۸۷۶	یکم محرم سنہ ۱۳۱۳	اساڑہ سدی ۳ سمت ۱۹۵۲	۲۳ جون سنہ ۱۸۹۵
یکم محرم سنہ ۱۲۹۴	ماگھ سدی ۳ سمت ۱۹۳۳	۱۷ جنوری سنہ ۱۸۷۷	یکم محرم سنہ ۱۳۱۴	جیٹھ سدی ۳ سمت ۱۹۵۳	۱۲ جون سنہ ۱۸۹۶
یکم محرم سنہ ۱۲۹۵	پوس سدی ۳ سمت ۱۹۳۴	۶ جنوری سنہ ۱۸۷۸	یکم محرم سنہ ۱۳۱۵	جیٹھ سدی ۳ سمت ۱۹۵۴	یکم جون سنہ ۱۸۹۷
یکم محرم سنہ ۱۲۹۶	پوس سدی ۳ سمت ۱۹۳۵	۲۶ دسمبر سنہ ۱۸۷۸	یکم محرم سنہ ۱۳۱۶	جیٹھ سدی ۳ سمت ۱۹۵۵	۲۱ مئی سنہ ۱۸۹۸
یکم محرم سنہ ۱۲۹۷	منگسر سدی ۳ سمت ۱۹۳۶	۱۵ دسمبر سنہ ۱۸۷۹	یکم محرم سنہ ۱۳۱۷	بیساکھ سدی ۳ سمت ۱۹۵۶	۱۰ مئی سنہ ۱۸۹۹
یکم محرم سنہ ۱۲۹۸	منگسر سدی ۳ سمت ۱۹۳۷	۴ دسمبر سنہ ۱۸۸۰	یکم محرم سنہ ۱۳۱۸	بیساکھ سدی ۳ سمت ۱۹۵۷	۲۹ اپریل سنہ ۱۹۰۰
یکم محرم سنہ ۱۲۹۹	منگسر سدی ۳ سمت ۱۹۳۸	۲۳ نومبر سنہ ۱۸۸۱	یکم محرم سنہ ۱۳۱۹	بیساکھ سدی ۳ سمت ۱۹۵۸	۱۸ اپریل سنہ ۱۹۰۱
یکم محرم سنہ ۱۳۰۰	کاتک سدی ۳ سمت ۱۹۳۹	۱۲ نومبر سنہ ۱۸۸۲	یکم محرم سنہ ۱۳۲۰	چیت سدی ۳ سمت ۱۹۵۹	۷ اپریل سنہ ۱۹۰۲
یکم محرم سنہ ۱۳۰۱	کاتک سدی ۳ سمت ۱۹۴۰	یکم نومبر سنہ ۱۸۸۳	یکم محرم سنہ ۱۳۲۱	چیت سدی ۳ سمت ۱۹۶۰	۲۸ مارچ سنہ ۱۹۰۳
یکم محرم سنہ ۱۳۰۲	کاتک سدی ۲ سمت ۱۹۴۱	۲۱ اکتوبر سنہ ۱۸۸۴	یکم محرم سنہ ۱۳۲۲	چیت سدی ۳ سمت ۱۹۶۱	۱۷ مارچ سنہ ۱۹۰۴
یکم محرم سنہ ۱۳۰۳	کنوار سدی ۲ سمت ۱۹۴۲	۱۰ اکتوبر سنہ ۱۸۸۵	یکم محرم سنہ ۱۳۲۳	پھاگن سدی ۳ سمت ۱۹۶۱	۶ مارچ سنہ ۱۹۰۵
یکم محرم سنہ ۱۳۰۴	کنوار سدی ۲ سمت ۱۹۴۳	۲۹ ستمبر سنہ ۱۸۸۶	یکم محرم سنہ ۱۳۲۴	پھاگن سدی ۳ سمت ۱۹۶۲	۲۳ فروری سنہ ۱۹۰۶
یکم محرم سنہ ۱۳۰۵	کنوار سدی ۳ سمت ۱۹۴۴	۱۸ ستمبر سنہ ۱۸۸۷	یکم محرم سنہ ۱۳۲۵	پھاگن سدی ۳ سمت ۱۹۶۳	۱۲ فروری سنہ ۱۹۰۷
یکم محرم سنہ ۱۳۰۶	بھادون سدی ۳ سمت ۱۹۴۵	۷ ستمبر سنہ ۱۸۸۸	یکم محرم سنہ ۱۳۲۶	ماگھ سدی ۳ سمت ۱۹۶۴	یکم فروری سنہ ۱۹۰۸
یکم محرم سنہ ۱۳۰۷	بھادون سدی ۳ سمت ۱۹۴۶	۲۷ اگست سنہ ۱۸۸۹	یکم محرم سنہ ۱۳۲۷	ماگھ سدی ۳ سمت ۱۹۶۵	۲۱ جنوری سنہ ۱۹۰۹
یکم محرم سنہ ۱۳۰۸	بھادون دوم سدی ۳ سمت ۱۹۴۷	۱۶ اگست سنہ ۱۸۹۰	یکم محرم سنہ ۱۳۲۸	پوس سدی ۳ سمت ۱۹۶۶	۱۱ جنوری سنہ ۱۹۱۰
یکم محرم سنہ ۱۳۰۹	ساون سدی ۳ سمت ۱۹۴۸	۵ اگست سنہ ۱۸۹۱	یکم محرم سنہ ۱۳۲۹	پوس سدی ۳ سمت ۱۹۶۷	۳۱ دسمبر سنہ ۱۹۱۰

دو جگہہ لکھی ایک جگہہ کی میزان کو ۶۴ سے تقسیم کرے حاصل قسمت ٹوٹی ہوئی تہین ہونگی اونکو اوناہ کہتے ہین اوناہ کے اعداد کو دوسری جگہہ کی میزان سے گھٹاوی باقی رہے وہ اہرگن ہوتا ہے اہرگن مین چکر کو پانچ سے ضرب کرکے بڑھاوی اور سات سی تقسیم کرے جو عدد رہے وہ دن ہے اسطرح ۱ منگل ۲ بدہ ۳ برہسپت ۴ سکر ۵ سنیچہ ۶ اتوار ۷ سوموار یا جو کچھہ نہ بچے تو سوموار ۔ اہرگن سے دن نہ ملی تو ایک بڑھاوے یا گھٹاوے ؛

فصل چھٹی

قاعدہ میکھہ سکرانت کی معلوم کرنیکا جو ہمیشہ ۱۲ اپریل کو ہوتی ہے

سال حال جس دن جس متی جس گھڑی اور جس پل اور جس بپل پر میکھہ سکرانت کا پرویش ہوا ہو اوسمین ایک دن گیارہ متی ۱۵ گھڑی ۳۱ پل ۳۰ بپل بڑھانی سے آیندہ برس کی اور گھٹانے سے پچھلی برس کی میکھہ سکرانت معلوم ہوتی ہے اور اگر اگلے یا پچھلی ۱ دو چار یا دس میں سال یا اس سی بھی زیادہ برسونکی میکھہ سکرانت معلوم کرنی مطلوب ہو تو اول اوسی قدر برس مین دن متی گھڑی پل اور بپل کے اعداد مرقومہ بالا کو ضرب کرکے حاصل ضرب کو سال پر بڑھاوے یا گھٹاوے تاکہ میکھہ سکرانت مطلوبہ معلوم ہو جاے مثل سمت ۱۹۳۰ مین میکھہ سکرانت روز جمعہ متی چیت سدی ۱۴ کو ۵۳ گھڑی ۶ پل پر پرویش ہوئی تھی تو بموجب قاعدہ مذکورہ کے سمت ۱۹۳۱ مین بیساکھہ بدی ۱۱ سوموار کو ۵۳ گھڑی ۳۷ پل ہوگی جیسے سمت ۱۹۳۰ جمعہ جسکے عدد ہین متی ۱۴ گھڑی ۳۸ پل سمت ۳۱ ۷ یعنی سوموار ۲۵ یعنی بیساکھہ بدی ۵۳ ۳۷ دنون کا عدد منگل سے شروع ہوتا ہی اور دوشنبہ پر ختم اور یہ یاد رہی کہ میکھہ سکرانت کا پرویش صرف چیت سدی پڑوا سی لیکر بیساکھہ بدی ماوس تک ہوتا ہی اور مہینون مین نہین ہوتا مہینون کا عدد پڑوا سے ماوس تک ۳۰ ہے

فصل ساتوین

سو برس آیندہ کا نقشہ ہجری ہندی اور انگریزی سنون و تاریخون کا

لکھے ہوئے عدد مین ایک اور ملائے پھر چوتھا حصہ بڑھاکر چھٹا اور ایزاد کری اور سات سے طرح دے جو عدد باقی رہے وہ دن کا عدد ہی اسطرح پر اتوار ۱ سوموار ۲ منگل ۳ بدھ ۴ جمعرات ۵ جمعہ ۶ سنیچر ۷ ٭

دوسری جگہہ لکھے ہوے عدد کو گیارہ مین ضرب دیکر ۱۴ اور بڑھائے ۳۰ سے طرح دے جو بچے اوسکو پونون سے گنے ٭—

سمت ۱۹۳۰ مین یکم جنوری کونسی متی اور دن کو تھی — ۱۹۳۰ سے ۵۶ کم کیے ۱۸۷۴ رہے انمین سے ۱۸۷۰ کو گھٹا دیا چار بچے اونکو گیارہ ۱۱ مین ضرب دیا ۴۴ ہوئے ۱۴ — اور بڑھائے ۵۸ ہوئے جنمین سے ۳۰ — ایک دفعہ گئے ۲۸ بچے پونون سے گنا تو متی پوس سدی بارس آئی — پھر اوسے چار مین ایک اور ملایا تو پانچ ہوے اور ایک بابت حصہ چہارم بڑھاکر چھٹا اور بڑھائے تو کل ۱۲ ہوئے انمین سات ایکدفعہ گئے پانچ باقی رہے اتوار سے شمار کیا تو جمعرات کا دن آیا پس بموجب قاعدہ مذکور کے یکم ماہ جنوری سنہ ۱۸۷۴ ع متی پوس سدی ۱۲ سمت ۱۹۳۰ روز پنجشنبہ کو تھی ٭

فصل پانچوین

متی سے دن نکالنے کا قاعدہ بموجب کتاب کرہ لاکو کے

سمت سے ایک سو ۳۵ گھٹانے سے ساکا اور ساکا سے ۱۴۴۲ گھٹانے سے گرنتھ گت اودہ یعنی عرصہ تصنیف کتاب مذکور نکلتا ہے گرنتھ گتاودہ کو گیارہ سے تقسیم کرے جو حصہ آوے اوسکو چکر کہتے ہین خارج قسمت برسون کو ۱۲ مین ضرب دیکر مہینے بنائینگے اب جس تتھہ کا دن نکالنا ہے اوس تک چیت سدی پڑوا سے جتنے مہینے گذرے ہون اونمین جوڑ دے میزان کو دو جگہہ لکھے ایک جگہہ تو چکر کی اعداد کو دونا کرکے اور دس اور بڑھاکر میزان مذکورہ مین جمع کرے اور ۳۳ سے طرح دے حاصل قسمت کو جو لوندے کے مہینے ہین دوسری جگہہ لکھی ہوئی میزان مین بڑھاوے اور ۳۰ مین ضرب کرے اور تتھہ مذکورہ تک جتنی دن سدی پڑوا سی گئی ہون اونکو حاصل ضرب مین بڑھاکر چکر کا چھٹا حصہ بھی اوسمین ایزاد کری اور میزان کو

گھٹانے سے انطیوس رومی کا سنہ اور ۶۳۰ گھٹانے سے یزدجرد کا فارسی سنہ اور ۷۸۰ گھٹانے سے جلالی سنہ اور ۵۹۲ گھٹانے سے فصلی سنہ اور ۵۹۳ گھٹانے سے سنہ بنگالہ اور پندرہ چین گھٹانے سے الہی سنہ بنجاتے ہین

سنہ عیسوی پر ۵۷ بڑھانے سے سمت بکرم اور ۷۸ بڑھانے سے سنہ قیصر اغسطس اور تین سو دس بڑھانے سے رومی سکندری اور تین سو بائیس بڑھانے سے سکندری اور سات سو چھیالیس بڑھانے سے بخت نصر کا سنہ اور ایک لاکھ تراسی ہزار ایک سو ایک بڑھانے سے ترکی سنہ اور ۳۰۹۵ بڑھانے سے طوفانی سنہ اور تین ہزار ایک سو ایک بڑھانے سے جدہشٹر کا سمت بنجائے گا ۔

ہجری سنہ بنانیکی ترکیب یہ ہے کہ سنہ عیسوی سے ۶۲۲ کم کرکے جو باقی رہین اونپر فیصدی تین برس ایک مہینا اور فی ۶۶ برس دو برس اور فی ۳۳ برس ایک برس بڑھاوین سنہ ہجری ہوجائیگا ۔

سمت سے

سمت سے ۵۷ گھٹانے سے عیسوی سنہ اور ۷۸ گھٹانے سے قیصر اغسطس کا سنہ اور ۱۳۵ گھٹانے سے سالباہن کا ساکا اور ۴۹۴ گھٹانے سے بھوج کا ساکا اور ۱۹۵ گھٹانے سے انطیوس رومی کا سنہ اور ۶۸۷ گھٹانے سے یزدجردی سنہ اور ۶۵ گھٹانے سے سنہ بنگلہ اور ۶۴۹ گھٹانے سے فصلی سنہ اور ۱۱۳۵ گھٹانے سے جلالی سنہ اور ۱۱۳۲ گھٹانے سے الہی سنہ بنجاتے ہین

سمت کے اوپر ۲۵۳ بڑھانے سے رومی سکندری سنہ اور ۲۶۵ بڑھانے سے سکندری سنہ اور ۶۸۹ بڑھانے سے بخت نصر کا سنہ اور ۳۰۴۴ بڑھانے سے جدہشٹر کا سنک اور ۳۰۳۸ بڑھانے سے طوفان کا سنہ اور ۱۸۳۰۴۴ بڑھانے سے ترکی سنہ بنجاتا ہے ۔

اگر سنہ ہجری بنایا چاہین تو سمت سے ۶۷۸ گھٹاکر جو عدد باقی رہین اونپر فیصدی تین برس ایک مہینا اور فی ۳۳ برس ایک برس اور فی ۶۶ برس دو برس بڑھاوین ہجری سن ہوجائیگا ۔

فصل چوتھی

قاعدہ برآوردہ غرہ جنوری ہندی متی سے مستخرجہ اوستاد فن ریاضی پنڈت گنگاسہائے جی

سمت سے ۵۶ گھٹاوے جو باقی رہے وہ سنہ عیسوی ہے یہ سنہ ہمیشہ پوس کے مہینے مین اوسکی متی اور دن نکالنے کی ترکیب یہ ہے کہ جتنے انگریزی سنہ ہون اون مین سے اٹھارہ سو ستر گھٹاوے جو عدد باقی رہے اوسکو دو جگہہ لکھے ایک جگہہ سے

قدردان ہی پس یہی وجہ ہی کہ جو ہمسے سدھانتون کا رواج اوٹھہ گیا ورنہ خدا کی فضل سی ہمارے وطن مین کسی علم اور فن کی کتب کی کمی نہین ہے اس گئی گذرے زمانہ مین بھی اسقدر کتابین ہر علم و ہنر خصوص ہیئت اور جوتش کی ملسکتی ہین کہ جنکی عشر عشیر بھی اور جگہہ ملنا محال ہے ہمکو اپنی منہہ سے اپنی علم دوست متقدمین کی علم ہنر اور صنائع بدائع کے ایجادون کی تعریف کرنا ضرور نہین جنکی بیان اور شہادت مین غیر ملک کی علما و فضلا متفق اللفظ ہین ہان اتنا ضرور کہتے ہین کہ علم ہیئت اور نجوم کی ترقی سب سے پہلے ہماری ملک والون نے کی تھی بلکہ طریق الشمس کو ستائیس نچھترون مین ہم ہی لوگون نے تقسیم کیا ہے اور جسقدر کواکب سیارہ اور ثوابت پر ہمنے اطلاع پائی تھی یورپ کی علمی ترقی تک تمام دنیا مین اوسی قدر بلکہ اونسی بھی کم مانے جاتے تھے

فصل تیسری

سنون کے بنانے کے قواعد مین سنہ ہجری سے

ہجری سنہ سی فیصدی تین اور فی ۳۳ برس اور فی ۶۶ برس دو برس کم کرکی جو عدد باقی رہین اونپر ۶۲۲ بڑھانی سی عیسوی سنہ اور ۶۷۹ بڑھانی سے بکرم کا سمت اور ۵۴۴ بڑھانی سی سالباہن کا ساکا اور ۹۳۲ بڑھانی سے رومی سکندری سنہ ۹۴۴ بڑھانے سے سکندری سنہ اور ۷۶۰ بڑھانی سے سنہ انطیوس رومی اور ۱۳۶۸ بڑھانی سے سنہ بخت نصر اور ۶۵۰ بڑھانے سے سنہ قیصر اغسطس اور ۳۷۲۳ بڑھانے سے سمت راجہ جدہشٹر اور ۳۷۱۷ بڑھانی سے سنہ طوفانی ۱۸۳۷۲۳ بڑھانے سے ترکی سنہ بنجاتے ہین ؛

اور اوسی عدد سی آٹھہ گھٹانی سی فارسی یزدجردی سنہ اور ۴۵۶ گھٹانی سے جلالی سنہ اور ۹۳۴ گھٹانے سے الٰہی سنہ بنجاتی ہین اور ہجری سنہ سی ۱۱۳۱ گھٹانی سے سنہ محمد شاہی بنجاتا ہی فصلی اور بنگلہ سنہ بنانیکی ترکیب یہ ہی کہ ۹۹۱ سی لیکر اوس سنہ ہجری تک کہ جسکے مطابق سنہ فصلی بنانا منظور ہو جتنی برس ہون اونسی فیصدی تین اور فی ۶۶ برس دو اور فی ۳۳ ایک برس کم کرکے جو باقی رہین اونکو ۹۹۱ پر بڑھاوی فصلی سنہ ہوجائیگا اور اگر اونکو ۹۹۰ پر بڑھایا جای تو بنگلہ سنہ مروجہ بنگالہ بنجائیگا ؛

	سنہ عیسوی سی	

سنہ عیسوی سے ۷۸ گھٹانے سے سالباہن کا ساکا اور ۴۳۷ گھٹانی سے بھوج کا ساکا اور ۱۳۸

کی بعد تصنیف ہوئی تھی اکثر سدھانتون مین زمانہ کی مدت اور تاریخ کا مدار کلپانتر کی گنتی پر
یعنی پیدائش عالم کی مدت متعاوی پر اور بعض بعض مین سپت رشی کی گردش پر رکھا گیا ہے
جو سو برس مین ایک نچھتر سے دوسرے نچھتر پر جاتے ہین اور بعض بعض پران مین بھی
بجاے حوالہ سن اور تاریخ کے سپت رشی کے مقام کا حوالہ دیا گیا ہے جیسا کہ سکھدیو
جی نے راجہ پریچھت سے کہا تھا کہ اے راجہ تیری پیدائش کیوقت سپت رشی مگھا نچھتر
پر تھی اور جب یہ اوترا کھاد نچھتر پر آوینگی راجہ نند پیدا ہوگا۔ مگر جب سے سدھانتون کے
پڑھنے پڑھانے کا رواج ہندوستان سے جاتا رہا سپت رشی کے چار کا سلسلہ بھی
گم ہوگیا چنانچہ اب کوئی علمی تحقیقات کی رو سے یہ نہین کہسکتا کہ سپت رشی فلان نچھتر کے
اوپر ہین کل جگ کی گذشتہ صدیون کا حساب کرکے تو ہر کوئی کہہ سکتا ہی کہ سپت رشی
کا مقام فلان نچھتر مین ہونا چاہیے مگر اوس سے راجہ نند کو زمانہ کی مطابقت نہین ہوسکتی
جبکہ زمانہ انگریزون کی علمی تحقیقات سے چار سو برس قبل سنہ مسیح قرار دیا گیا ہے
مین نے سپت رشی کا چار معلوم کرنیکے کو بہت کوشش کی ہے مگر ابتک کامیابی
نہین ہوئی کہتے ہین کہ بارا ہی سنگھتا مین اسکا حساب ہے ۔

بعد اس جملہ معترضہ کے پھر اصلی مطلب پر آتا ہون کہ سدھانتون کی بعد سنگھتا کی
کتابین ہین اور اونکے بھی بہت بہت نام سنے ہین مگر ملتی کم ہین سدھانت اور سنگھتا مین
صرف گنت یعنی ہیئت ہے اور ہیلت یعنی نجوم نہین اس سے معلوم ہوتا ہی کہ ہمارے
اگلے بزرگ نجوم کے ایسے پابند نہ تھے جیسے اب ہین کیونکہ آجکل صرف ہیلت کی کتابون کا
رواج رہگیا ہے جنسے کہ آجکل کے نجومی ستارون کی سعادت اور نحوست کے مین
مبتلا ہین اور گنت کے صرف اوسیقدر حصہ پر قناعت کرتی ہین جو ہیلت
کی کتابون مین گرہ سپٹ کرنے کے واسطے مندرج کیا گیا ہے اگر کسی نے زیادہ شوق
کیا تو گرہ لاگو دکرند وغیرہ گرنتھ پڑھ لیے جو بہت پرانے نہین ہین اور چونکہ اب
جوتشیون کی معاش کی کارروائی صرف ہیلت کے اوپر منحصر ہے اسواسطے وہ
سدھانتون یعنی کتب ہیئت کو پڑھتے بھی نہین ہین اور نہ کوئی اس زمانہ مین اوس علم کا

آفتاب ازروے گنت شاستر توس مین ہے اور ازروی استخراج زیج مذکور وحکماے اسلامیہ کے جدی مین اور جبکہ مہندس اور ریاضی دان راجہ جے پور نے ہندی یونانی اور انگریزی حساب وحکمتون کو ایک کرکے یہ کتاب بنائی تھی اوسوقت غالبًا آفتاب کی طلوع مین اتنا فرق نہوگا -

اس کتاب سے راجہ جیسنگھہ کی فارسی انشاپردازی کی طاقت معلوم ہوتی ہے اور اوسکی علمی شہرت نے فرنگستان کی مدرسون مین اوسکا نام ریاضی دان جی سنگھہ مشہور کیا ہے اور ڈاکٹر ہٹر صاحب نے ایک علیحدہ کتاب اوسکی عملی مشقتون کے بیان مین لکھی ہے چند نجومی آلہ اور جنہیں راجہ موصوف کے بنائے ہوے جے پور اودے پور کوٹہ بوندی دہلی اور بنارس مین موجود ہین اور اوسکی سنسکرت کی تصانیف سے ایک کتاب جے بنود نامی ہے جس سے جے پور اور اوسکی علاقہ جات مین ہندی پترے بنائے جاتے ہین لیکن اب اوسکا حساب بھی کم مطابق ہوتا ہے چنانچہ ایک جے بنودی پنچانگ مین زہرہ کا غروب جس تاریخ کو لکھا تھا اوس تاریخ کو نہوا بلکہ اوس سے بہت دنون بعد تک ستارہ مذکور آسمان پر نظر آتا تھا - اور جس تاریخ کو کاشی اور چنڈو کی پنچانگ مطبوعہ بمبئی مین اسکا غروب ہونا لکھا تھا اوسدن غروب ہوا +

سنسکرت کی کتب زیج اور رصد کا بیان

سنسکرت مین اس قسم کی کتابون کو سدھانت کہتے ہین مگر یہ سدھانت کتب زیج سے بدرجہا بہتر ہین کیونکہ اون کتابون کا حساب تو بموجب قول الوالفضل کی تیس ہی برس کے بعد بگڑ جاتا ہے اور سدھانتون کا حساب باوجودیکہ اونکی تصنیف کو لکھو کہا برس گذر چکے ہین ابتک برابر کام دیتا ہے یہ کتابین اب نایاب ہین اور اونکو کوئی پڑھتا بھی نہین ہے کیونکہ آج کل کی جو تشی اون مختصر اور مختص کتابون سے جو بطور انتخاب وترجمہ سدھانتون سے بنائی گئی ہین اپنا کام نکال لیتے ہین +

سدھانت کی کتابون مین برہم سدھانت سب سے پہلے اور سرب سدھانت سروسے سب سے پیچھے بنائی گئی ہے اور سورج سدھانت جو زیادہ تر مشہور ہی برہم سدھانت

بہت ہی صحیح نکلا اور اوسکے وقوع مین پل بھر کا تفاوت نہ ہوا اور وہی جنتر اور آلات رصد جو راجہ نے مقامات مذکورہ بالا کے رصد خانون مین بناکر لگائے تھے ایسے صحیح اور درست تھے کہ اونکے معاینہ اور حساب سے متقدمین کے تجربہ مین اختلافات فاحش ظاہر ہوئے چنانچہ خود راجہ موصوف نے لکھا ہے کہ ٹوڈی لاہائیر صاحب کی زیج مین نصف درجہ کی کمی چاند کے مقام مین تھی اور کسوف وخسوف کے حساب مین بھی پندرہ پل کی کمی وبیشی اصل وقت سے آتی تھی اسیطرح اون آلات رصد مین بھی غلطیان پائین جو ہلاکو اور الغ بیگ کی رصدون مین مستعمل ہوئی تھے۔

اس ریاضی دان راجپوت راجہ نے اپنے آلہ نجومی واقع رصد خانہ دہلی سے وسعت کجی خط گردش آفتاب کو ۲۳ درجہ اور ۲۸ دقیقہ قرار دی اور خط عرض اوجین کو ۲۳ درجہ ۰ دقیقہ جانب شمال مقرر کیا جو قرار داد پیشینہ کی نسبت زیادہ تر صحیح سمجھا گیا ہے۔

اسی طرح یونانیون کی ہیئت سے تجربہ حال مین بہت کچھ تفاوت نکلا اور طرح طرح کے اختلاف پیدا ہوئے اول مدارج خارج مرکز آفتاب کو بگبر دش بیضی قبول کیا دوسرے اسیطرح حرکات قمر کی مدارات بیضی پر تسلیم کین تیسرے زحل کو مثلث اہلیلجی قرار دیا چوتھے مشتری کے گرد چار ستارون کو متحرک دیکھا اور اونکا نام اقمار مشتری رکھا پانچوین آفتاب کے جرم پر مختلف نشان دیکھے اور حرکت وضعی آفتاب کو تسلیم کیا کہ اوسکی حرکت سے وہ نشان بھی مدت قریب ایک سال مین دورہ تمام کرتے ہین چھٹے زہرہ اور عطارد کو سورج کی روشنی سے روشن پایا اور چاند کا بدر وہلال ہونا دوربین سے دیکھا کیا ساتوین کوکب ثوابت سیارہ دریافت ہوے اور اونہین سے

ہتون کی رصد بھی بنائی

غرضکہ اب جو فارسی تقویم ہندوستان مین بنائی جاتی ہین یا نوروز کہ زائچہ اور اوسکے احکام نکالے جاتے ہین اون سب کا ماخذ یہ ہے زیج محمد شاہی ہے جو اوسوقت ہنگام امتحان تمام کتب زیج سے فائق اور افضل ثابت ہوچکی تھی مگر فی زمانا اوسکی گنت مین بھی کچھ فرق پڑنے لگا ہے چنانچہ آج ۱۵۔ دسمبر کو

مختصر احوال کتاب زیج محمد شاہی تصنیف مہاراجہ سوائی جیسنگھہ

یہ کتاب مہاراجہ سوائی جے سنگھہ والی جے پور کی تصنیف ہے جو علم ریاضی اقلیدس ہئیت اور نجوم مین اسقدر مستعد اور کامل تھے کہ اونکو محمد شاہ بادشاہ دہلی نے رصد باندھنے اور زیج جدید تیار کرنیکی اجازت دی یہ کام ہندون مین راجہ بکرماجیت کے بعد سے اور مسلمانون مین عہد تسلط اسلامیہ سے ابتک کسی بادشاہ اور راجہ مہاراجہ نے اختیار نہین کیا تھا جو مہاراجہ سوائی جے سنگھہ نے اپنی علمی لیاقت اور قوت دماغی سے انجام کو پہونچاکر ایک لازوال نیکنامی اور یادگاری حاصل کی انھون نے دہلی جے پور اوجین بنارس اور متھرا مین مقامات رصد بڑی شان اور شوکت سے بنوائی اور اول اول اون نجومی آلات کو کام مین لانیکی مشقت اوٹھائی جنکو مرزا الغ بیگ بھی ہنگام رصد سمرقند اور تالیف زیج محمد شاہی کے کام مین لایا تھا مگر صحیح احکام اور واقعی نتیجے اونسے نہین نکلتے تھے تب لاچار ہوکر یونانیون کی تقلید چھوڑدی اور چاہا کہ بطور خود حساب نجوم کو درست کرین ۔

راجہ موصوف کے پاس ہر ملک اور ولایت کے منجم اور ہندسہ دان تھے ازانجملہ ایک پادری منویل فرنگی تھا جسنے راجہ کے دربار مین ولایت پورجوگل فخر پرتگال کی ترقی علم ہئیت کی تعریف کی اور راجہ نے اوسکے ساتھہ بادشاہ پورجوگل کے دربار مین اپنا سفیر واسطے طلب ہندسان پرتگالی کے بھیجا شاہ موصوف نے ریورہ دی سلوا نامی کو راجہ کے پاس روانہ کیا اور اوسنے ذمی لاہایر صاحب کی فرنگستانی زیج راجہ کو دی غرضکہ راجہ موصوف نے ایسی ایسی تلاش تحقیقات اور صرف زر سے سات برس کی محنت مین اپنی علمی قوت اور آلات رصد وافلاک سیر دوربینون کے ذریعہ سے جو اوسنے یورپ سے منگوائین تھین بخوبی اجرام نورانی اور اوضاع فلکی کا بخوبی معاینہ مشاہدہ اور حساب کرکے ایک زیج ایسی عجیب وغریب تیار کی جس سے وہ سب غلطیان جو سالہاسال سے نجوم کے حساب مین چلی آتی تھین نکل گئین اور حساب ایسا ٹھیک بیٹھ گیا کہ اوس سے جو حکم نکلا وہ

ولادت ہوئی اور اوکی امت والون نے عیسوی تاریخ کا آغاز اوس سے چھ روز بعد یعنی یکم جنوری سے رکھا جسکا چوتھا روان برس جاتا ہے اور اٹھارہ سیکڑی گذر چکے ۔

سنہ ۳۳۸ع مین انطیوس روم کے تخت پر بیٹھا اور اوسنے اپنی جلوس کی تاریخ سے ایک نیا سنہ مروج کیا بطلیموس نے نجوم ثوابت کا حساب مجسطی مین اس سنہ کی اوپر رکھا ہی اور اوسکو اب تک سترہ سو چھتیس ۱۷۳۶ برس گذرے ہین ——

یہ تمام سنہ جو اوپر لکھے گئے شمسی ہین اور اونکے مہینون مین مثل اہل ہند اہل فارس و اہل روم و نصارا کی کبیسہ اور کبیسہ یعنی لوند کی کسرات بڑھائی جاتی ہے ۔

سنہ ۶۲۲ع مین ہجری سنہ کا آغاز ہوا اسکی ابتدا پیغمبر عربی کے مکہ سے مدینہ مین چلے جانے کیوقت سے مقرر کی گئی ہے گو اسکی ایجاد خلیفہ دوم کیوقت مین ہوئی ۔

سنہ ۶۹۶ ہجری مین غازان خان ایران کے تخت پر بیٹھا اور اوسنے اپنے ایلخانی کو جو بسبب انتقال ہلاکو خان اور تمام رہجانے رصد مراغہ کی مرتب نہونے پائی تھی اپنی کوشش اور توجہ سے تیار کرکے ایک نئی شمسی سنہ کا ایجاد کیا جو بہ لقب خانی ملقب ہے اور اوسکے مہینے قدیمی فارسی مہینے ہین اور آغاز اسکا بادشاہ موصوف کی تخت نشینی سے ہے اور اسکے اب تک پانسو بہتر برس سیری ہوئے ——

قریب سنہ ۸۰۰ ہجری مین مرزا الغ بیگ بنیرہ امیر تیمور نے سمرقند مین رصد باندھکر ایک نئی زیج مرتب کی جو بنام الغ بیگی مشہور ہے مگر الغ بیگ نے کوئی نیا سنہ مقرر نہین کیا اور زیج مذکور مین ستارہ کا حساب سنہ ہجری کے اوپر رکھا ہے یہ زیج بسبب صحیح نکلنے احکام کے اگلی تمام کتب زیج پر فائق ٹھہری تھی اور اوسکا رواج ایران توران اور ہندوستان مین عموماً ہوگیا مگر راجہ جی سنگھ سوائی نے سنہ ۱۷۳۰ع مطابق سمت ۱۷۸۷ موافق سنہ ۱۱۴۳ ہجری مین زیج محمد شاہی بنا کر الغ بیگی کا رواج ہندوستان سے اوٹھا دیا اب زیج محمد شاہی اس فن کی بہت معتبر کتاب شمار کیجاتی ہے مین اس فصل کو زیج محمد شاہی کی ایک مجمل کیفیت پر ختم کرتا ہون تاکہ ناظرین کو اس قسم کی کتابون کی ماہیت واضح ہوجاے ——

اوسکو بھی ابتک اسی قدر برس گذرتے ہین کہتے ہین کہ پہلے ہندوستان مین اوسکا عام رواج تھا مگر بکرماجیت نے سمت ۳۰۴۴ جدہشٹر مین اپنے نام کا سمت رائج کیا اور جدہشٹر کا سمت متروک ہوگیا کتاب جوتریدہ ابھرن مین ستارون کی گنت اسی سمت پر لگائی ہی سمت ۱۳۵ بکرم مین سالباہن کا عروج ہوا اور اوسنے اپنے نام ساکا چلایا گرہ لاکھون کتاب مین جوتش کی گنت اسی ساکی پر ہے اور سرب دہانت سرومنی والے نے بھی اپنی گنت مین یہ ہی ساکا لکھا ہے جوتش کی بہت قدیم کتابین معدوم ہین اس سبب سے بہت قدیم زمانہ کے ہندوستانی سنون کا حال معلوم نہین ہوسکتا لوگ سب کہتے ہین اور اکثر کتابون مین بھی لکھا ہے کہ جدہشٹر کا سمت تین ہزار برس تک مروج تھا لیکن ابتک جو قدیمی کتبہ سکہ اور تانبہ پتر دستیاب ہوئے ہین اونمین سمت کا نام ہی نہین ہے اور نہ کسی کتاب مین لکھا ہے کہ اب جدہشٹر کی سمت اتنے ہین ــــ

۲۳۴۹ طوفانی مین بخت نصر بابل کی بخت پر بیٹھا اور اوسنے اپنے جلوس کی تاریخ سے ایک نیا سنہ جاری کیا بطلیموس نے جو اپنی تاریخ زیج یعنی مجسطی مین ستارونکی گردش کا حساب لکھا ہے وہ اس سنہ کے اوپر ہے جسکو اس زمانہ تک دو ہزار چھ سو بیس برس کا عرصہ ہوتا ہے ۳۳۴ بخت نصر مین اسکندر کے مرنے پر سکندری سنہ کا آغاز ہوا جسکو ابتک ۲۱۹۶ برس گذرتے ہین اون اسکندرانی نے اپنی زیج اور قانون مین اور بطلیموس نے مجسطی کے بعض ارصاد مین اوساط کواکب کی اصول کو اس سنہ کے اوپر قائم کیا ہے ــــ

سکندر کے مرنے سے بارہ برس بعد ایک اور سنہ کی ایجاد ہوئی جسکو سال قبطی اور رومی اسکندری بھی کہتے ہین بناتی نے اپنی زیج کے اوسطون کی اصول اس تاریخ پر رکھی ہین اور یہ سنہ اب ۲۱۸۴ ہین ــــ

۲۸۲ سنہ رومی سکندری مطابق سمت ۲۰ بکرم مین قیصر اگسٹس روم مین فرمانروا ہوا اور اوسنے اپنی نام کا سنہ جاری کیا جسکو ابتک اونیس سو دو برس کا عرصہ ہوتا ہی

۴۳ سنہ جلوس قیصر اگسٹس مطابق سمت ۵۶ بکرم مین تاریخ ۲۵ دسمبر کو عیسی مسیح کی

شروع ہوجاتا ہے جسکی بیان مین گذشتہ زمانون اور سنون کی حالات جنکے دور اسیطرح وقتا فوقتا شروع ہوکر متروک ہوجاتے ہین بخوبی قلمبند ہوتی ہین دنیا مین بہت زمانہ ایسے گذر چکے ہین کہ جنکے علیحدہ علیحدہ سنہ تھے سنہ ہمیشہ ایک بڑی معرکہ کے وقوع سے شروع ہوتا ہے اور سنہ کی ضرورت عام خاص واقعات کی یادداشت کی لیے قدیم زمانہ سے ہوتی چلی آتی ہے ان سنون کا احوال کتب زیج ہی سے معلوم ہوسکتا ہے گو کہ کسی قدر اوسمین سے کہین کہین تواریخ مین بھی پایا جاتا ہے چونکہ اس مختصر رسالہ مین سنین مروجہ زمانہ حال کا احوال بقدر ضرورت لکھا گیا مگر گذشتہ سنون کے ذکر کرنیکا موقع ابھی تک نہین آیا تھا اور یہ امر بنظر مناسبت علم تواریخ کے بہت ضرور ہے اسلیے کسیقدر بیان اوسکا بھی لکھا جاتا ہے ۔

واضح ہو کہ منجمون کے نزدیک زمانہ کا حساب اور اوسکی جزوی وکلی انقلابات کا مدار کواکب پر ہے اور وہ ہمیشہ ہر حادثہ کو آسمان کی گردش یا بطی الحرکات کواکب کی تاثیرات یا سبعہ سیارہ کی نظرات سے منسوب کرتے ہین چنانچہ ترکون کی کتب نجوم مین لکھا ہے کہ دنیا کی پیدائش اوسوقت ہوئی تھی کہ جب ساتون ستارے حمل مین تھے اور وہ اپنی تاریخ کا آغاز بھی اوسی وقت سے لیتے ہین جسکو اب تک ایک لاکھ چوراسی ہزار نوسو پچہتر برس گذرے ہین پھر حکیم ابو المعشر بلخی نے زیج کبیر مین لکھا ہے کہ طوفان نوح کے وقت ساتون ستارے برج سرطان مین جمع ہوگئے تھے اور چونکہ سرطان برج آبی ہے اسلیے تمام دنیا پانی مین غرق ہوگئی اس حادثہ کی یادگار کے لیے ایک سنہ ایجاد کیا گیا ہے جو بنام سنہ طوفانی کتب قدیم مین مرقوم ہے اور جسکی برسون کی تعداد ابتک چار ہزار نوسو اونہتر ہوتی ہین حکیم ابو المعشر بلخی نے اوساط کواکب کا حساب اسی سنہ کے اوپر رکھا ہے اور بہت سی کتب تواریخ مین واقعات عالم کو بقید سنہ طوفان لکھا ہے ۔

بڑا تعجب اس بات کا ہے کہ راجہ جدہشٹر کا قدیم سمت جو قبل از حکومت راجہ بکرماجیت ہندوستان مین جاری تھا سنہ طوفان سے بالکل مطابق ہے

حساب نہین ہے جتنے دن کی سکرانت ہوتی ہے اوتنی تاریخون کا وہ مہینا ہوتا ہی
اور سنہ شروع یکم بیساکھ سے ہوتا ہے اور سلخ ماہ چیت کو ختم - اور یہ تاریخین
سدی اور بدی تہتون سے مطابق نہین ہوتین مگر مہینے کسی کسی قدر مطابق
رہتے ہین بنگلہ سنہ اب ۱۲۸۱ ہین مگر یہ معلوم نہین کہ کسنے انکو ایجاد کیا ہی -
چین اور جاپان مین بھی ہلالی مہینے مروج ہین مگر سال شمسی ہوتا ہے
اور ایک عجب بات ہے کہ اون ملکون مین ایک برس ۱۲ مہینے کا ہوتا ہی
اور سنہ کا آغاز ہر ایک بادشاہ کے جلوس سے کرتے ہین ؛

فصل دوسری
مختلف ملکون کی سنون کی تحقیقات بموجب کتب زیچ کی اور اونکی مدت تعدادی کا بیان

زیچ نجوم کی اوس کتاب کو کہتے ہین کہ جسمین کرہ زمین کی عرض طول کی
خطوط اور ستارون کی گردش اور طلوع غروب کے حساب اور کسوف وخسوف
کے دائرہ اور طبقات چرخ واجرام فلکی کے نقشے اور معمورہ عالم کے ملکون کی درجے
دقیقے مندرج ہوتے ہین پترہ اور تقویم بھی اوسی کتاب سے بناتے جاتے ہین اور
اس قسم کی کتاب اوسوقت مرتب ہوتی ہے کہ جب کوئی والی ملک آلات صحیح اور
علماے نجوم ہیات کو جمع کرنے اور عمارات رصد اور دیگر کارخانجات ضروریہ کے
بنوانے مین لکھو کہا روپیہ صرف کرکے اوضاع فلکی واجرام علوی کی تحقیقات
مین مشغول ہوتا ہے اور مستمت کی یاوری سے یہ کام بخوبی انجام پاجاتا ہے
تب ایک ایسا زیچ تیار ہوتا ہے جسکے احکام اگلے زیچون کی بہ نسبت بہت صحیح
اور سچی ہوتی ہین کیونکہ ہر زیچ کا حساب تیس برس کی بعد خراب ہوجاتا ہے اور
اوسکی بات کم ملنے لگتی ہے -
زیچ کی کتابون سے پچھلی زمانون کی مدتین اور پرانی سنون کی کیفیتین
صفائی کے ساتھ معلوم ہوسکتی ہین کیونکہ اکثر ہر نئی زیچ سے اکثر پرانا زمانہ

۲۹ ماہ ربیع الثانی سنہ ۹۶۳ ہجری کو ہوئی تھی اور اوسکی اگلی رات کو سورج میکھہ مین آیا تھا
سال الٰہی بھی ۳۶۵ دن کا مقرر ہوا اور مہینے اوسکے فارسی رکھے گئے اور
وہ پانچ دن جو اخیر ماہ مین بڑھائے جاتے تھے اونکو ماہ ہای الٰہی مین اسطرح پر
کم و بیش کر کے حساب برابر کیا گیا فروردین اردی بہشت خورداد تیر
۳۱ یوم ۳۱ یوم ۳۱ یوم ۳۲ یوم ۳۱ یوم
امرداد شہریور مہر ابان آذر دی بہمن اسفندارمز مہینونکو
۳۱ یوم ۳۲ یوم ۳۰ یوم ۳۰ یوم ۳۰ یوم ۲۹ یوم ۲۹ یوم
اس نئی تعداد سے مقرر کرنے مین الٰہی اور جلالی تاریخون کی مطابقت
جو اول روز تھی وہ بعد کو نہیں چنانچہ چودہ برس بعد جس دن جہانگیر تولد ہوا تھا
اوس دن شہریور ماہ الٰہی کی ۱۸ تاریخ اور شہریور ماہ جلالی کی ۲۴ تاریخ تھی
اور پچاس برس بعد جسدن اکبر کا انتقال ہوا اوس دن ابان ماہ الٰہی کی ۳ تاریخ
تھی اور ابان ماہ جلالی کی ۱۰ تاریخ اور ۵۱ برس بعد جسدن عالمگیر فوت ہوا اوسدن
اسفندارمذ ماہ الٰہی کی ۱۳ تاریخ تھی اور اسفندارمذ ماہ جلالی کی ۱۸ ——

فصلی یہ سنہ فصل اور موسم کے حساب کیواسطے اکبر بادشاہ کے حکم سے فتح اللہ
شیرازی نے سنہ ۹۹۱ ہجری مین اختراع کیے اور اونکی تعداد بھی سنہ ہجری کے
برابر رکھی مگر جہانگیر کے عہد مین فیما بین سنہ ہجری اور فصلی کے ایک برس کا تفاوت اور
شاہجہان کے وقت مین دو برس کا اور عالمگیر کے زمانہ مین چار برس کا اور محمد شاہ کے
آخری دور مین چھ برس کا ہوگیا اور اب نو برس کا تفاوت ہے کیونکہ اب سنہ ہجری ۱۲۹۱
ہین اور فصلی ۱۲۸۲ اور فصلی سنہ ماہ اساڑھ سے شروع ہوتا ہے ——

سنہ محمد شاہی راجہ سوائی جے سنگھ نے بعد تیاری رصد دہلی و آگرہ وغیرہ کے
یہ ایک نیا سنہ نکالا تھا اسکے برس اور مہینے بھی مثل ہجری سنہ کی قمری حقیقی
ہوتی ہین اور اس سنہ کے اتبک ۱۶۰ برس گذرتے ہین ——

بنگلہ جو بنگالہ مین مروج ہے اسکا مدار سنکرانت کے حساب کی اوپر ہے کہ جس دن
میکھہ سکرانت پر رویش ہوتی ہے اوسی دن سنہ بنگلہ شروع ہوتا ہے اس سنہ
کی مہینے بھی چیت و بیساکھ وغیرہ ہوتے ہین مگر کرشن پکش اور شوکل پکش کا

تحویل دلو یعنی کنبھ سکرانت . . . . . ۱۰ تاریخ فروری کو مطابق تاگھ و پھاگن
تحویل حوت یعنی مین سکرانت . . . . . ۱۲ تاریخ مارچ کو مطابق پھاگن و چیت

ہجری تاریخ ہجری اسکا مدار صرف چاند کی رویت پر ہے باقی حال محتاج بیان نہین ؛

فارسی سنہ کہتے ہین کہ یزدجرد فارس کی آخری بادشاہ نے محمد پیغمبر کی وفات سے آٹھ روز بعد اپنے نام کا سنہ وضع کیا تھا جسکو ابتک ۱۲۴۴ سال گذرتے ہین فارسیون کا ایک برس ۳۶۵ دن کا ہوتا ہے اسطرح کہ گیارہ برس تو ۳۰ - ۳۰ دن کے ہوتے ہین اور بارھوین برس کے آخر مین پانچ دن جنکو خمسہ مسترقہ کہتے ہین ایزاد کر دیتے ہین اور ۳۶۵ دن اوپر کے چوپندرہ ساعتین رہین اونکی کسرات کا ۱۲۰ برس مین ایک مہینا ترتیب کے ساتھ بڑھا دیتے ہین جیسے اول مرتبہ دو مہینے فروردین کے اور دفعہ ثانی دو اردی بہشت اور علی ہذا القیاس ؛

فارسی مہینون کے نام یہ ہین فروردین ۳۰ یوم اردی بہشت ۳۰ خورداد ۳۰ امرداد ۳۰ شہریور ۳۰ ابان ۳۰ آذر ۳۰ دی ۳۰ بہمن ۳۰ اسفندار ۳۵

تاریخ جلالی سلطان ملکشاہ سلجوقی بادشاہ ایران و توران نے واسطے ٹھیک ہوجانے حساب فصل اور موسم کے ۴۵۸ یزدجردی مین ایک نیا سنہ ایجاد کیا جسکا آغاز آفتاب کے حمل مین داخل ہونے کے دن سے رکھا اسکے مہینے پہلے تو یہ تھے ماہ نو نوبہار گرما فزا روز افزون جہان تاب جہان آرای مہرگان خزان سرما فزا شب افروز آتش افروز سال افزون - مگر اب بجای اونکے فارسی مہینے فروردین اور اردی بہشت وغیرہ مروج ہین اور اب سنہ جلالی ۷۹۹ ہین

الٰہی سنہ اکبر بادشاہ کے حکم سے حکیم فتح اللہ شیرازی نے سال و ماہ شمسی حقیقی کا ایک نیا سنہ ۹۹۲ ہجری مین ایجاد کیا مگر آغاز اوسکا بادشاہ موصوف کی تخت نشینی سے رکھا چنانچہ اول تاریخ فروردین سنہ الٰہی کی روز ہرمز غرہ فروردین ۴۷۸ جلالی مطابق روز دے بمہر تاریخ ۱۵ امرداد ماہ قدیمی ۹۲۵ یزدجردی موافق ۱۱ تاریخ آذر ماہ رومی ۱۸۶۷ سکندری ملاصق ۱۱ مارچ ۱۵۵۶ ع مصادق روز چہارشنبہ

نیسان	ایار	حزیران	تموز	اب	ایلول
۳۰ یوم	۳۱ یوم	۳۰ یوم	۳۱ یوم	۳۰ یوم	۳۰ یوم

سنہ عیسوی آغاز اسکا عیسی مسیح کی ولادت سے ہے ہر برس ۳۶۵ دن کا ہوتا ہے مگر چوتھے برس ماہ فروری مین ایک دن بڑھا دیتے ہین ۱۷۵۲ء علماے انگلینڈ نے اپنی ولایت مین ۲ ستمبر کو ۱۴ ستمبر قرار دیکر دس دن سال مذکور سے کم کر دیے اسکا احوال کتب تواریخ سے انگلینڈ مین بہ نفظ ادخال سنہ جدید درج ہے

انگریزی تاریخ مین چند باتین سورج کے حساب سے مطابق پائی جاتی ہین ازانجملہ ایک تو یہ ہے کہ دن ہمیشہ ۲۵ دسمبر یا کبھی ایک دو تاریخ قبل اوس سے بڑھنا شروع ہوتا ہے اور دوسری یہ ہے کہ مگر سکرانت ہمیشہ بارہ تاریخ جنوری کو ہوتی ہے اور میکھہ سکرانت ۱۱ یا ۱۲ اپریل کو - اور یہ دونون تحویل دس دن مذکورہ بالا کی کمی سے اول پہلی یا دوسری تاریخ شہور مذکورہ کو ہوتی ہونگی باقی اور سکرانت کا شروع حسب نقشہ ذیل مندرجہ ذیل ہوتا ہے ؛

تحویل حمل یعنی آغاز میکھہ سکرانت ..... ۱۱ تاریخ ماہ اپریل کو مطابق چیت بیساکھہ

تحویل ثور یعنی برکھہ سکرانت ..... ۱۲ یا ۱۳ تاریخ ماہ مئی کو مطابق بیساکھہ جیٹھہ

تحویل جوزا یعنی متھن سکرانت ..... ۱۳ تاریخ جون کو مطابق جیٹھہ واساڑھ

تحویل سرطان یعنی کرک سکرانت ..... ۱۴ یا ۱۵ تاریخ جولائی کو مطابق اساڑھ وساون

تحویل اسد یعنی سنگھہ سکرانت ..... ۱۵ تاریخ اگست کو مطابق ساون بھادون

تحویل سنبلہ یعنی کنیان سکرانت ..... ۱۵ تاریخ ستمبر کو مطابق بھادون وکنوار

تحویل میزان یعنی تل سکرانت ..... ۱۴ یا ۱۵ تاریخ اکتوبر کو مطابق کنوار وکاتک

تحویل عقرب یعنی برچھک سکرانت ..... ۱۴ یا ۱۵ تاریخ نومبر کو مطابق کاتک وگھن

تحویل قوس یعنی دھن سکرانت ..... ۱۳ یا ۱۴ تاریخ دسمبر کو مطابق اگھن وپوس

تحویل جدی یعنی مکر سکرانت ..... ۱۲ تاریخ جنوری کو مطابق پوس و

جیسے بکرماجیت کا سمت اور فصلی سنہ - جنمین تیسرے برس ایک مہینا لوند کا بڑھا
پڑتا ہے تاکہ سال شمسی ہوجاوے -

قسم تجسیم وہ تاریخ ہے جو ماہ قمری اور سال شمسی اصطلاحی پر مبنی ہو جیسی تاریخ یہود
اب مختلف ملکون کے مروجہ سنون کا مختصر احوال لکھا جاتا ہے -

سمت بکرماجیت جو کل ہندؤن مین مروج ہے خواہ وہ کہین[1] رہتے ہون اسکی
ابتک اونیسل صدی گذر چکی اور بیسوین صدی کا اکتیسوان برس جاتا ہے اسکے
جاری ہونے سے ۵۶ برس بعد سنہ عیسوی اور ۱۳۵ برس بعد سالباہن کا ساکا اور ۲۴۹
برس بعد راجہ بھوج کا ساکا اور ۹۸ برس بعد سنہ ہجری ۶۸۷ برس بعد سنہ یزدجردی
اور ۱۳۵ برس بعد سنہ جلالی شروع ہوئے -

ساکھہ سالباہن دکن مین عموماً مروج ہے اور اب اوسکی اٹھارہوین صدی سے
سال نود وششم روان ہے اسمین بھی مثل سمت کے ایک مہینہ لوند کا تیسرے برس
بڑھاتے ہین مگر جو بعض مقامون مین ساکی کا آغاز سورج کے حمل مین داخل ہونیکے
دن سے مانا جاتا ہے اوسمین لوند نہین بڑھایا جاتا ہے -

سنہ اسکندری یہ سکندر سے منسوب ہے اسکا برس ۳۶۵ دن کا ہوتا ہے اور
چوتھے برس مثل عیسائیون کے ساتوین مہینے کے آخر مین ایک دن بڑھایا جاتا ہے
اسکی تاریخ پہلے اکثر انگریزی مہینون کی تاریخ سے مطابق ہوتی تھی چنانچہ یکم محرم سنہ
حساب کی رو سے ۱۶ اکتوبر رومی ۹۳۳ سکندریکو مطابق تھی اور اس دن ماہ جولائی
